# حجاب سرکلر

## 2024

حلقہ خواتین جماعتِ اسلامی پاکستان

"تہذیب ہے حجاب"

"Haya & Hijab"

"Faith & Family"

# ”تہذیب ہے حجاب“

# "Haya & Hijab Faith & Family"



بہت عزیز!

نگران ڈیپارٹمنٹس، صوبائی ناظمات اور ناظمات اضلاع

السلام علیکم ورحمۃ اللہ

ربِ رحمٰن سے آپ کے ایمان وصحت کی سلامتی کی دعاؤں کے ساتھ!

دو دہائی قبل اس نئے ہزاریے کے آغاز میں ہی اسلام اور اسلامی شعائر کے ساتھ تعصب دنیا میں بڑھتا چلا گیا، حجاب، داڑھی، ٹوپی، مسجد کے مینار غرض ہر وہ چیز جو اسلام کے ساتھ وابستہ تھی، اس کو نفرت کا نشانہ بنایا گیا۔ یورپ میں ستمبر 2003 سے ایک گز کپڑے کا ٹکڑا اتنا طاقتور بن گیا کہ کبھی اس کے خلاف قوانین بنائے گئے، کبھی عدالتوں میں بحث کا نشانہ بنا اور کبھی اس کی خاطر مسلمان عورتوں نے اپنی شہریت چھوڑی اور حتیٰ کہ جان کی قربانی بھی دی گئی۔

ایسے میں جولائی 2004 میں لندن کے میئر لونگ اسٹون نے دنیا بھر کے علماء کو ایک کانفرنس میں دعوت دی اور علامہ یوسف القرضاوی کی قیادت میں پہلی دفعہ 4 ستمبر 2004 کو عالمی یومِ حجاب منانے کا اعلان کیا گیا۔



پاکستان سے اس حجاب تحریک کی سرپرستی جماعتِ اسلامی نے کی اور حلقہ خواتین جماعتِ اسلامی نے معاشرے کے تمام افراد کو لے کر اس دن کو معاشرے میں اخلاقی اقدار کو فروغ دینے کے لئے استعمال کیا۔ میڈیا نے بھی ہمارے ساتھ بھرپور تعاون کیا اور پاکستان کے بیشتر چھوٹے بڑے اخبارات نے اس دن خصوصی ایڈیشنز نکالے۔

ان بیس سالوں کی جدوجہد میں عوام نے جماعتِ اسلامی کی "**تہذیب ہے حجاب**" مہم کی پذیرائی کی۔ ہم ہر سال یومِ حجاب کو اپنے عقیدے، خاندان اور عورت کے تحفظ کے لئے مناتے ہیں۔ اس دور میں کہ جب شیطانی یلغار ہمارے عقیدے، اخلاقی نظام اور خاندان کے ادارے کے تانے بانے کو بری طرح سے تاراج کر رہی ہے۔ ہمارا فرض ہے کہ ہم اپنی آنے والی نسلوں کے لئے اخلاقی اقدار کا مضبوط نظام بنائیں۔

**ہم ہمیشہ کی طرح اس سال بھی عالمی یومِ حجاب کو درج ذیل سلوگن کے ساتھ منا رہے ہیں۔**

**"تہذیب ہے حجاب"**

**Haya & Hijab"**

**Faith & Family"**




ویمن اینڈ فیملی کمیشن کے پاس 20 سالوں کی جدوجہد پر مبنی مواد کے لنکس موجود ہیں۔آپ ان سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

https:drsamiaraheelqazi.com/safr-e-hijaab
https://youtube.com/@drsamiaraheelqazi?si=tzdsdTXRGnvcJ-RD

**ان لنکس میں درج ذیل مصنوعات شامل ہیں:**

- حجاب کے متعلق **3 ایک ایک منٹ کے اشتہار**
- **3 ترانے**
- **”شوبز سے حجاب تک“** 3 اداکاراؤں کا شوبز سے حجاب کی جانب سفر
- حجاب کی تاریخ، حجاب تہذیب ہے اور حجاب کے حوالے سے **علامہ اقبال کی نظم** کے نام سے 3 ویڈیو کلپس
- یومِ حجاب کے آغاز پر **محترم قاضی حسین احمد کی تقریر**



- 2004 سے 2024 کے درمیان 20 سالہ کارکردگی رپورٹ
- کووڈ 19 کے تحت میں ایک حجاب کا ویڈیو کلپ
- 2017 میں جنیوا میں ہیومن رائٹس کمیشن کے اجلاس میں صحافی عائشہ غازی نے IMWU کی خواتین راہنماؤں سے حجاب کے بارے میں تاثرات کا ایک ویڈیو کلپ
- سوشل میڈیا پر ان سب مصنوعات کی ایک مہم ڈیزائن کر رہے ہیں۔



اس دفعہ تنظیم نو کے بعد سب ڈیپارٹمنٹس اور تنظیم اپنے اپنے انداز میں عالمی یومِ حجاب منانے کی بھرپور تیاری کریں کیونکہ اس سال دو دہائی یعنی بیس سال پورے ہو رہے ہیں۔اس سلسلے میں چند راہنما نکات آپ کے لئے تحریر کئے جا رہے ہیں۔ان کو مد نظر رکھتے ہوئے اپنے پلیٹ فارم سے اچھی پلاننگ کے ساتھ مہم منائی جائے اور تمام سرگرمیاں بروقت طے کر لی جائیں اور انہیں مقامی میڈیا پر بھی مشتہر کیا جائے اور تنظیم کو اپنی رپورٹ ضرور مہیا کر دیں:



## ☆صوبہ جات واضلاع:

- اجتماع ارکان وکارکنان میں بریفنگ دی جائے۔ حجاب کو گفتگو کا موضوع بنائیں۔ خطوط ومراسلات لکھوائیں، پمفلٹ تقسیم کروائیں، سوشل میڈیا پر حجاب کی مہم منائیں۔
- ہفتہ وار اجتماعات یا قرآن کلاس میں موجود لوگوں سے "تہذیب ہے حجاب " Haya and Hijab Faith and Family کے عنوانات کے تحت اُن کی سوچ و فکر کو اُجاگر کرنے کے لیے سوال وجواب یا ڈسکشن رکھی جائے۔
- اس موضوع پر خصوصی دروس قرآن رکھوائے جائیں۔
- بڑے شہروں اور اضلاع میں اس عشرے میں خصوصاً 4 ستمبر کے دن سیمینار۔ کانفرنسز وغیرہ کی پلاننگ کی جائے۔ صوبائی نظم کچھ مخصوص اضلاع میں پریس کلب پر ٹوکن مظاہروں کی منصوبہ بندی کروالیں۔
- مختلف مقامات پر قواریر حجاب، الخدمت، وورکنگ ویمن وغیرہ کی جانب سے حجاب اسٹالز یا سیل پوائنٹ لگائے جائیں۔



- اس حوالے سے چھوٹے بڑے اضلاع میں حجاب ڈے کے لیے بل بورڈز کے ذریعے اپنا پیغام عوام الناس تک پہنچانے کی جلد از جلد منصوبہ بندی کر لیں اور اہم مقامات پر ایک ماہ یا کم از کم 20 دن کے لیے بل بورڈز پر حیا اور حجاب کے سلوگن حلقہ خواتین جماعت اسلامی کی جانب سے لگوائیں۔ ہر ضلع اپنے اپنے علاقے میں لگوائے جانے والے بل بورڈز کے اخراجات اُٹھائے۔
- حجاب کے بارے میں لٹریچر مثلاً "پردہ" از سید مودودیؒ اور "حجاب امت مسلمہ کا شعار" از ڈاکٹر رخسانہ جبین "عالمی یومِ حجاب"، "حجاب پاکیزگی کی توانا علامت" "سفر حجاب" از ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی کو تقسیم کرنے کی پلاننگ کر لیں۔
- اپنی ویب سائٹ اور سوشل میڈیا پر اُس دن کی سرگرمیاں ڈالی جائیں، تمام تشہیری مواد انٹرنیٹ پر ڈالا جائے۔
- حجاب سے متعلق تحریریں ویب سائٹ پر ڈالی جائیں۔



# ☆دعوت وابلاغ:

- اخبارات میں موثر پیغامات پر مشتمل اشتہارات دیئے جائیں۔خواتین کے صفحات پر مضامین شائع کرائیں۔اس دن خصوصی سپلیمنیٹ جاری کرانے کی کوشش کی جائے، ان میں علماء،افسانہ نگار اور سوشل میڈیا ایکٹویسٹ کو بھی شامل کروائیں۔ (کچھ سوالات دے کر شائع کروائی جاسکتی ہیں) ،دیگر جماعتوں اور این.جی.اوز کے پیغامات حاصل کرنے کا بھی خصوصی اہتمام کیا جائے۔
- بے حجابی کے اثرات ونقصانات پر بھی مضامین تحریر کروائے جائیں۔
- ذرائع ابلاغ کے جدید اور رائج الوقت طریقوں کو اپنائے بغیر خاطر خواہ کامیابی کا حصول دشوار نظر آتا ہے لہذا سوشل میڈیا کو اس مقصد کے لیے بھرپور طریقے سے استعمال کیا جائے۔
- T.V کے اینکرز پرسنز کو خطوط اور ای میلز بھجوائی جائیں کہ اس موضوع پر ٹاک شوز رکھیں اور اپنی گفتگو میں شامل کریں۔
- مارننگ شوز میں لائیو کالز کے ذریعے اس دن کی اہمیت پر گفتگو کی جائے۔
- تنظیم کے ساتھ مل کر بل بورڈ پر حجاب کے بارے میں تحریریں لگوانے کا کام کریں۔



- صحافیات کے ساتھ سلوگنز پر مشتمل مذاکرہ رکھا جائے۔
- حجاب پر مشتمل پیغامات کے ایڈز چلائے جائیں (جیسے الیکشن کے دنوں میں کراچی اسٹوریز وغیرہ نے چلائے تھے)۔
- عملی سوالات پر مشتمل پولز بنیں۔
- پیمرا کے ذمہ داران سے ملاقات کی جائے اور توجہ دلائی جائے کہ وہ اپنی ذمہ داریاں ادا کرے۔
- ڈرامہ رائیٹرز اور پروڈیوسرز سے ملاقات کی جائے اور ڈراموں میں پیش کیئے جانے والے بے حجابانہ موضوعات کی مذمت کی جائے۔
- ادبی تحریری مقابلہ رکھا جائے۔
- مارننگ شوز پروڈیوسر سے ملا جائے کہ عالمی یومِ حجاب پر اس موضوع پر پروگرام رکھوائیں۔



# ☆پولیٹیکل سیل:

- اپنی کونسلرز کے ذریعے بلدیاتی اداروں میں پیغام پہنچائیں۔اپنے ہم خیال لوگوں کے ذریعے قومی اسمبلی، سینٹ اور صوبائی اسمبلیوں میں بھی اس دن کی بازگشت پہنچائیں۔



# ویمن اینڈ فیملی کمیشن:

## ☆IMWU ڈیسک:

1. IMWU کو اس مسئلے پر متحرک کرنے کی کوشش کی جائے۔

2. تمام اسلامی ممالک میں رابطہ کر کے اسلامی تحریکوں کو متوجہ کریں کہ وہ اپنے ملک میں اس عنوان سے سرگرمیاں طے کریں، فضا، بنائیں اور لازماً اس مہم کو عالمی رنگ دیا جائے۔



## ☆ملازمت پیشہ خواتین:

1. حجاب پر ڈسکشن فورمز رکھے جائیں۔

2. اپنے ٹرسٹ کے نام سے ہسپتالوں، شاپنگ مالز اور دیگر عوامی اداروں میں کام کرنے والی خواتین میں فلائیر تقسیم کئے جائیں، جس میں

**“تہذیب ہے حجاب ”**

**" Haya and Hijab ,**
**Faith and Family"**

کا پیغام ہو۔

3۔ کسی پروگرام میں شرکت کرواکر اسکارف تحفتاً بھی دئے جاسکتے ہیں۔



## ☆ویمن تھنکرز فورم:


1. اس فورم کے تحت عالمی یومِ حجاب کا پیغام پہنچایا جائے گا۔




## ☆برادر تنظیمات (ڈاکٹرز، اساتذہ، طالبات):

1. اپنے دائرے میں تمام سرگرمیاں، سوشل میڈیا، پریس کانفرنس، بیان، فورمز، انٹرویو اور حجاب کانفرنس وغیرہ کا منصوبہ بنائیں۔

2. حجاب مہم کے ذریعے "تہذیب ہے حجاب"
**" Haya and Hijab ,**
**Faith and Family"**
کے حوالے سے کثیر لوگوں تک پیغام پہنچایا جائے۔



# ڈیپارٹمنٹ تعلیم:



# ☆جامعات المحصنات:

1. دیگر مدارس کی طالبات کے ہمراہ حجاب کانفرنس کا اہتمام کیا جائے۔ طالبات کی ماؤں کو بطور شرکاء مدعو کیا جائے تاکہ تمام گھرانوں تک پیغام پہنچ سکے۔


2. طالبات سے خطوط و مضامین بموضوع
"تہذیب ہے حجاب"
**" Haya and Hijab ,**
**Faith and Family"**
اور دیگر عنوانات لکھوائے جائیں اور رسائل و میگزین میں شائع کروانے کا اہتمام کروایا جائے۔



# ☆کمیونٹی سکولز:

1. اپنے سکولز میں حجاب پر ورائٹی پروگرامز یا دیگر سرگرمیاں طے کی جائیں۔

2. اسمبلی میں پروگرام رکھا جاسکتا ہے۔
بڑے پروگرام رکھ کر ماؤں اور دیگر مؤثر افراد کی شرکت کروائی جاسکتی ہے۔



# ☆ڈیپارٹمنٹ تحقیق وتربیہ:

1. اس موضوع پر ہمارے پاس جمع شدہ آڈیو، ویڈیو، تحریریں، مختلف ممالک کے تجربات پر مبنی مواد اکٹھا کرے اور اپنی آرکائیوز میں محفوظ کرے تاکہ بوقت ضرورت تنظیم کو مہیا کیا جاسکے۔



# حجاب رپورٹ فارم

- کسی بھی نوعیت کے حجاب کے پروگرام------------------------------
- اسکولز/کالجز/اداروں میں پروگرام------------------------------
- شاپنگ مالز+مارکیٹس میں اسٹالز------------------------------
- تحاریر+مضامین------------------------------
- سوشل میڈیا پر سرگرمیاں------------------------------
- یوٹیوب، واٹس ایپ، ٹویٹر، فیس بک، انسٹا گرام پر سرگرمیاں---------------
- ہینڈ بلز+فلائیرز+کارڈز------------------------------
- حجاب ریلی کا اہتمام------------------------------
- اسکارفس کے تحائف+حجاب پمفلٹس------------------------------
- عالمی یومِ حجاب پر پوسٹر سازی+ویڈیو کلپس کے مقابلے---------------



جن اضلاع میں ممکن ہو مقامی اخبارات میں قرار دادوں کی منظوری، مقامی ناظمہ کا بیان اور پروگرام کی خبر ضرور بھیجی جائے۔اس کے علاوہ بھی جو سر گرمیاں آپ کر سکتے ہوں کریں تاکہ نہ صرف معاشرے کے اندر حیاء اور حجاب کو فروغ حاصل ہو بلکہ بین الاقوامی سطح پر ہماری آواز مؤثر انداز میں گونجے۔

مادہ پرستی کے اس دور میں جب ہم اپنی مضبوط اخلاقی اقدار اور معاشرتی ثقافت سے دور ہوتے چلے جارہے ہیں، بار بار تذکیر کے طور پر یوم حجاب منانا بہت اہم ہے۔جدید دور کے تقاضوں کا ادراک کرتے ہوئے حجاب کے تصور کو زندہ رکھتے ہوئے اپنا کردار ادا کریں اور اپنی آئندہ نسلوں تک حیاء اور حجاب کی تہذیب منتقل کریں۔اللہ ہماری سعی وجہد قبول کر کے ہم سے راضی ہو جائے۔

**والسلام**




ڈاکٹر سمیحہ راحیل قاضی
صدر ویمن اینڈ فیملی کمیشن
جماعتِ اسلامی پاکستان

05-08-2024

